# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |

**مقاصد:** نثر پڑھ کر سوالات کے جوابات دے سکیں۔

سابقے اور لاحقے کی مدد سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

دیے گئے جملوں کو زمانہ کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کُتب اُردو جماعت پنجم کی کتاب، گھنٹی، سادہ جملوں کی چٹیں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں ایک دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو کوئی گیند دیں، جس پر سوال نمبر 9 میں دیے گئے پانچ سادہ جملوں کی چٹیں اس طرح سے لگی ہوں کہ ان پر لکھے ہوئے جملے نظر نہ آئیں۔
- خود گھنٹی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔
- اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو، وہ گیند پر لگی ہوئی چٹوں میں سے ایک چٹ اتار کر اس پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں اب اس بچے کو اس جملے کو فعل ماضی اور مستقبل میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کے بچے کو جواب بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 21 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے عبارت کی پڑھائی پہلے خود کریں پھر بچوں سے کروائیں۔
- اب انھیں سوالات الف، ب، ج اور د کی ایک سے دو بار پڑھائی کروائیں اور ہدایت دیں کہ عبارت پڑھ کر ان سوالات کے جواب دیں۔
- ہر بچے کو ایک ایک خالی شیٹ دیں تاکہ وہ سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
- لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر بچے کے پاس جائیں۔
- انھیں جہاں مدد اور رہ نمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور سوالات کا جوابات دینے کے لیے کہیں۔

- درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کو سابقے لاحقے کا تصور واضح کرتے ہوئے بتائیں ایسے حروف جو کسی با معنی لفظ سے پہلے لگ کر اس کے معنی میں تبدیلی پیدا کریں سابقے کہلاتے ہیں۔

جیسے: ان سے ان تھک، ان گنت۔ اسی طرح ایسے الفاظ جو کسی با معنی لفظ کے بعد میں لگ کر اس لفظ کے معنی میں تبدیلی پیدا کریں، لاحقے کہلاتے ہیں۔ جیسے: آور سے زور آور، قد آور۔

- سوال نمبر 8 میں دیے گئے سابقوں اور لاحقوں سے الفاظ بنوائیں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 9 میں دیے ہوئے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے جملوں کو فعل ماضی اور مستقبل میں تبدیل کروائیں۔

درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**دیے گئے سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے چار چار با معنی الفاظ بنائیں۔**

| لاحقے | | سابقے | |
|---|---|---|---|
| انگیز | | با | |
| ناک | | اَن | |
| پسند | | خوش | |
| کار | | بے | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |

**مقاصد:** محاورات کو تحریر میں استعمال کر سکیں۔

کسی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے بورڈ پر تین کالم بنائیں ایک کالم میں فعل حال، دوسرے میں فعل ماضی اور تیسرے میں فعل مستقبل کی سرخی لکھیں۔
- فعل حال کے کالم میں جملے لکھیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنائیں۔
- ایک گروہ کو فعل حال کے جملوں کو فعل ماضی میں تبدیل کرنے کا کہیں۔
- دوسرے گروہ کو فعل حال کے جملوں کو مستقبل میں تبدیل کرنے کا کہیں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد دونوں گروہوں کے بنائے جملے چیک کریں۔
- غلطیوں کی اصلاح کریں اور درست جملے بچوں سے پڑھوائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو محاورے کی تعریف بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا وہ مجموعہ جو اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال ہو اسے محاورہ کہتے ہیں۔
- جیسے "خون سفید ہونا" حقیقی مطلب تو خون کا سفید رنگ کا ہو جانا ہے لیکن مجازی معنی میں اس سے مراد ہمدردی نہ کرنا ہے۔ اس لیے اسے محاورہ کہتے ہیں۔
- بچوں کو مزید بتائیں کہ محاورے کے الفاظ میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ مثلاً ایک اور ایک گیارہ محاورہ ہے۔ لیکن اگر کوئی کہے ایک اور ایک دو تو یہ غلط ہو گا۔
- اب بورڈ پر جملے لکھیں۔
- غریب ماں باپ نے اپنا پیٹ کاٹ کر اپنے بیٹے کو اعلیٰ تعلیم دلوائی۔
- ہماری بہادر فوج کے جوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر اپنے ملک کا دفاع کیا۔
- امتحان میں اوّل آکر بیٹے نے ماں باپ کی عزت کو چار چاند لگا دیے۔
- اب متفرق بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔
- جماعت میں بچوں کے دو گروہ بنائیں اور انھیں ان جملوں میں سے محاورات کی نشاندہی کرنے کے لیے کہیں۔
- درست نشان دہی کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

- سوال نمبر 10 میں دیے گئے محاورات کو بورڈ پر لکھیں ان کے معانی سے بچوں کو آگاہ کریں۔ اور ہدایت دیں کہ وہ ان محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔
- سوال نمبر 11 کی سرگرمی کے لیے بچوں سے کسی مہندی کی تقریب کا حال اپنے الفاظ میں بیان کرنے اور اپنی کاپی میں لکھنے کا کہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر سب بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) محاورات بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر ان سے جملے بنوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔**

| محاورات | جملے |
|---|---|
| جان پر کھیلنا | |
| عش عش کر اٹھنا | |
| چار چاند لگانا | |
| دو چار ہونا | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: جائزہ 1 | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (28منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 23 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے اشعار کی پڑھائی کروائیں اور متفرق بچوں سے اس کا مفہوم سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے گروہ بنائیں اور انھیں اپنے پسندیدہ اشعار ایک دوسرے کو سنانے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 3 میں دی گئی عبارت کی بلند خوانی کروا کر اس کی تفہیم کرائیں۔
- بچوں سے پوچھیں ان کا تعلق پاکستان کے کس صوبے سے ہے؟ اپنے صوبے کی ثقافت کے بارے میں وہ کیا جانتے ہیں؟
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے جملوں میں اسم معرفہ اور اسم نکرہ کی پہچان کروائیں اور کاپیوں پر لکھوائیں۔
- بورڈ پر سوال نمبر 5 کے الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی الف بائی ترتیب لکھوائیں۔
- اسی طرح سوال نمبر 6 میں دیے گئے جملوں کی پرچیاں ایک ایک کر کے بچوں کے 6 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں نشان دہی کروائیں کہ کون سا جملہ فعل حال، فعل ماضی اور فعل مستقبل سے تعلق رکھتا ہے۔
- سوال نمبر 7 میں دیے گئے اشعار بچوں سے کاپیوں پر اتارنے کو کہیں اور نثر لکھوائیں۔
- بچوں کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو باہمی مشاورت سے سیرت طیبہ خَاتَمُ النَّبِیِّنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ سَلَّمَ سے متعلق ایک ایک پیراگراف لکھنے کے لیے کہیں۔
- تمام سوالات کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (5منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، سوالات کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے ساتھ ایک ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- بچوں سے پوچھیں:
- ایفائے عہد سے کیا مراد ہے؟
- کفارِ مکہ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖن صلّی اللہ علیہ وعلٰی الہٖ و سلّم کو کن القابات سے پکارتے تھے؟ وجہ بتائیں۔
- وجہ بتائیں وعدے کی پابندی کا خیال کیوں رکھنا چاہیے؟
- بچوں کے گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک گھنٹی دیں۔
- پرچیوں میں سے ایک پرچی کھولیں اور اس پر لکھا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے گھنٹی بجائے گا اس گروہ کو دو نمبر دیے جائیں گے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کہیں کتاب کا صفحہ نمبر 25 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "ایفائے عہد" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر "25" کھولیں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔

| |
|---|
| • سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہوں۔<br>• اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔<br>• پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔<br>• اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔<br>• اس طرح صفحہ نمبر 25 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔<br>• متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تا کہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:ایفائے عہد | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔
- ایفائے عہد سے متعلق سوالات کی پرچیاں تیار کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو ایک گھنٹی دیں۔
- پرچیوں میں سے ایک پرچی کھولیں اور اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔
- جو گروہ پہلے گھنٹی بجائے اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ کھیل جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو سبق "ایفائے عہد" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کریں اور بلند خوانی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کی سبق میں ذہنی طور پر آمادگی کے لیے انھیں بتائیں:
- اسلام وعدے کی پابندی پر بہت زور دیتا ہے۔ مومن کی نشانیوں میں وعدہ پورا کرنا، سچ بولنا اور امانت میں خیانت نہ کرنا شامل ہے۔
- اس کے بعد متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہوں۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اس طرح سبق کی صفحہ نمبر 26 تا 27 سے پڑھائی مکمل کروائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر سبق میں سے مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: ایفائے عہد | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب، گتے کا ڈبا، رنگ دار کاغذ، چارٹ پیپر کے پھول اور پتیاں، الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نئے الفاظ کے معانی کی سرگرمی کے لیے کسی خالی ڈبے پر رنگدار کاغذ لپیٹ کر ڈبا تیار کر لیں۔ اس ڈبے پر لکھیں لفظی جیب۔
- اب اس ڈبے میں الفاظ کی پرچیاں بنا کر ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا دیں۔
- لفظی جیب باری باری ہر جوڑی کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ایک پرچی اٹھائیں۔
- اب پرچی کھولیں اور اس پر لکھے لفظ کا معنی بتائیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے گا اور اس کا معانی بتائے گا۔ اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے؟
- اگر الفاظ کا درست تلفظ اور مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟
- بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ" دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں صفحہ نمبر 27 میں دیے الفاظ میں سے ایک لفظ "امانت" لکھیں۔
- بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر بھی کریں۔ ایفائے عہد، جلاد، حکم صادر کرنا وغیرہ۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے۔
- جو بچہ اپنا ہاتھ بلند کرے اُسے بتانے کا موقع دیں۔ معانی کے ساتھ ہی اس لفظ کا جملہ بھی بنوائیں۔
- اب الفاظ اور اس کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔
- جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب ان پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔

- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتے ہوں۔
- وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر چسپاں کریں۔
- اس کے بعد الفاظ کے جملے بنوانے کے لیے بچوں سے کاپیاں کھلوائیں اور الفاظ، معانی اور جملے لکھوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کے مطلب پوچھیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| امانت | | |
| جلاد | | |
| دھیان نہ رہنا | | |
| حکم صادر کرنا | | |
| ایفائے عہد | | |